ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ایشیاکپ: عالمی نمبر ایک پاکستانی ٹیم کل پہلے میچ میں نیپال کے خلاف مدمقابل

- افتتاحی میچ ملتان میں کھیلا جائے گا۔ نیپال کی پہلی بار ایشیا کپ میں شرکت

ملتان29 اگست، 2023ء:

ایشیاکپ 2023 کا انتظار ختم ہوا چاہتا ہے اور بدھ کے روز عالمی نمبر ایک پاکستان کرکٹ ٹیم افتتاحی میچ میں نیپال کے خلاف ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوگی۔

ایشیاکپ کا آغاز ملتان سے ہورہاہے اور یہ پہلا موقع ہے کہ ملتان کسی کانٹی نینٹل ٹورنامنٹ کے میچ کی میزبانی کررہاہے۔

ون ڈے انٹرنیشنل میں پاکستان اور نیپال کی ٹیمیں پہلی بار مدمقابل ہورہی ہیں۔ نیپال کی ٹیم پہلی مرتبہ ایشیاکپ میں حصہ لے رہی ہے۔

ملتان کرکٹ اسٹیڈیم کے بارے میں خیال ظاہر کیاجارہاہے کہ اس میچ کے موقع پر ایک زبردست ماحول ہوگا اور شائقین کی بہت بڑی تعداد اس میچ سے لطف اندوز ہونے کے لیے اسٹیڈیم میں موجود ہوگی۔

میچ سے قبل افتتاحی تقریب ہو گی اور میچ دوپہر ڈھائی بجے شروع ہو گا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم نے آخری مرتبہ ملتان میں ویسٹ انڈیز کے خلاف ون ڈے سیریز گزشتہ سال جون میں کھیلی تھی جو اس نے تین صفر سے جیتی تھی۔

پاکستان ٹیم اس گراؤنڈ پر دس میں سے سات ون ڈے انٹرنیشنل جیت چکی ہے۔

کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ ملتان کے پرجوش شائقین کے سامنے کھیلنے کی انہیں خوشی ہے اور ہم سب ملتان سے ایشیا کپ کی ابتدا ہونے پر بہت خوش ہیں۔

بابر اعظم نے ایشیا کپ کے لیے کوالیفائی کرنے پر نیپال کی ٹیم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ انکی اس ٹورنامنٹ میں شرکت سے نیپال میں کرکٹ کے فروغ میں مدد ملے گی۔ نیپال کی ٹیم سے مقابلہ اچھا رہے گا۔

پاکستان ٹیم ایک ایسے وقت میں ایشیا کپ کا آغاز کر رہی ہے جب گزشتہ دنوں اس نے افغانستان کو تین صفر سے وائٹ واش کر کے ون ڈے انٹرنیشنل کی عالمی رینکنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ پاکستان ٹیم دوسری مرتبہ عالمی نمبر ایک بنی ہے وہ اس ورلڈ کپ سائیکل میں اکتیس میں سے بائیس میچ جیت چکی ہے۔

پاکستان ٹیم کی حالیہ کارکردگی تینوں فارمیٹس میں اچھی رہی ہے۔ اس نے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز دو دو سے برابر کھیلی ون ڈے سیریز چار ایک سے جیتی۔ اور پھر سری لنکا کے خلاف دونوں ٹیسٹ میچ جیتے اور افغانستان کے خلاف ون ڈے سیریز میں تین صفر سے کامیابی حاصل کی۔

بابر اعظم کا عالمی نمبر ایک بننے کے بعد اضافی دباؤ کے بارے میں کہنا ہے کہ میں یہ نہیں کہوں گا کہ دباؤ ہو گا بلکہ ہم اس ٹورنامنٹ کا آغاز اعتماد سے کریں گے۔ اس ٹیم نے پچھلے کچھ برسوں سے سخت محنت اور کوششوں سے ٹاپ پوزیشن حاصل کی ہے۔ یہ عمل ابھی مکمل نہیں ہوا ہے ہم ایشیا کپ اور پھر ورلڈ کپ جیتنا چاہتے ہیں۔ آنے والے مہینے بہت دلچسپ اور مقابلے والے ہیں اور ہم اپنے ملک کے لیے اچھا کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ ہر کھلاڑی اپنے ملک کے لیے جیتنا چاہتا ہے اور تمام کھلاڑی سخت اور مشکل حالات میں بھی بہترین صلاحیتیں دکھانے کے لیے تیار ہیں۔ پچھلے چند ماہ بہت اچھے گزرے ہیں اور یہ وقت اس تسلسل کو جاری رکھنے کا ہے۔

پاکستان ٹیم 31 اگست کو سری لنکا روانہ ہو گی جہاں وہ دو ستمبر کو کینڈی میں انڈیا کے خلاف گروپ اے کا دوسرا میچ کھیلے گی۔ کینڈی گروپ اے کے تیسرے میچ کی میزبانی بھی کرے گا جو انڈیا اور نیپال کے درمیان چار ستمبر کو کھیلا جائے گا۔

پاکستان اسکواڈ: بابر اعظم (کپتان)، شاداب خان (نائب کپتان)، عبد اللہ شفیق، فہیم اشرف، فخر زمان، حارث رؤف، افتخار احمد، امام الحق، محمد حارث (وکٹ کیپر)، محمد نواز، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، محمد وسیم جونیئر، نسیم شاہ، سلمان علی آغا، سعود شکیل، شاہین شاہ آفریدی اور اسامہ میر۔ ٹریولنگ ریزرو: طیب طاہر۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW sky sports SuperSport FOX SPORTS sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia